
ウルドゥー語



# غیر ملکیوں کا رہائشی مینوئل

جاپان میں کسی بھی جرم میں
پھنسے بغیر، محفوظ اور اطمینان
بخش زندگی گزارنے کے لئے۔


ٹوکیو میٹروپولیٹن

تعاون
ٹوکیو ریجنل امیگریشن
سروسز بیورو

میٹروپولیٹن پولیس ڈیپارٹمنٹ

# مندرجات


تعارف P.1

جاپانی قواعد اور آداب P.2 ～ P.5

وہ جاپانی قوانین جن سے آپ کو باخبر رہنا چاہیئے ۔ P.6 ～ P.10

سائیکل چلاتے وقت ، احتیاط برتنے والے نکات P.11 ～ P.13

پارٹ ٹائم جاب کرتے وقت ، احتیاط برتنے والے نکات P.14 ～ P.17

رہائشی کارڈ کے بارے میں P.18 ～ P.20

درمیانے یا طویل مدتی رہائشیوں کو اطلاع دینے کی ذمہ داری P.21 ～ P.24

پریشانی کی صورت میں رابطہ کریں۔ P.25

# تعارف

## ٹوکیو میٹروپولیٹن میں مقیم غیر ملکیوں کے لئے

بہت سے غیر ملکی ٹوکیو میٹروپولیٹن میں رہتے ہیں۔
تاہم ، زبان ، ثقافت ، طرز زندگی ، وغیرہ میں فرق کی وجہ سے کچھ غیر ملکیوں کو جاپانی لوگوں کے ساتھ پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
اس کے علاوہ ، ایسے لوگ بھی ہیں جوجاپانی قانون سے واقفیت نہیں رکھتے ، یا پھر قانون کو غلط اندازمیں یاد کرلینے کی وجہ سے، بغیر احساس ہوئے قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں ۔
ٹوکیو میٹروپولیٹن نے ، یہ مینوئل تیار کیا ہے تاکہ ، غیرملکی لوگ صحیح طور پر جاپانی قانون، یہاں کے قواعد اورآداب سمجھ سکیں ، اور ایک محفوظ اوراطمینان بخش زندگی گزار سکیں ۔



# جاپانی قواعد اور آداب

## براہ کرم کوڑا کرکٹ ، کوڑے دان میں ڈالیں





کوڑا کرکٹ سڑک پر نہ پھینکیں۔

## براہ کرم کوڑا کرکٹ پھینکتے وقت قوانین پرعمل کریں




کوڑا کرکٹ پھینکتے وقت ، براہ کرم تاریخ ، وقت ، جگہ اور کوڑے کو چھانٹ کرپھیکنے پرعمل درامد کریں



براہ کرم بھاری اور بڑا کوڑا غیر قانونی طور پر نہ پھینکیں

**ہرعلاقعہ کی میونسپلٹی کی طرف سے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے قواعد وضع کیے گئے ہیں۔ براہ مہربانی تصدیق کیجئے۔**

## ◆ کرایہ کے معاہدے کے مندرجات کی پابندی کریں









مکان مالک سے اجازت کے بغیر، آپ اپنے ساتھ رہنے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ، کسی دوسرے شخص کو کمرہ کرایہ پر دینا ، کمروں میں کسی قسم کی تجدید کرنا ، یا کتے اور بلیوں جیسے پالتو جانور کو نہیں پال سکتے

اگر آپ معاہدے کے مندرجات پرعمل نہیں کرتے ہیں تو ، آپ سے مکان خالی کرایا جاسکتا ہے۔

## ◆ راہداری یا سیڑھیوں پر کسی قسم کی اشیاء نہ رکھیں۔



کمرے کے باہر راہداری اور سیڑھیاں، دوسرے لوگ بھی استعمال کرتے ہیں۔ کسی قسم کی اشیاء کو رکھا جانے کی صورت میں، آگ یا زلزلے کے وقت آپ جان بچا کرنہیں بھاگ سکیں گے۔

## ◆ دالانوں یا گھر کے اندر، بلند آواز میں شور نہ مچائیں، تیزآوازمیں موسیقی نہ سنیں۔





اونچی آواز میں بولنا یا بلند آواز میں شور کرنا، آپ کے آس پاس کے لوگوں کے لئے پریشان کن ہوسکتا ہے ۔

اگرآپ شور شرابہ کرتے ہیں تو ، پولیس کو اسکی اطلاع ملنے پر، پولیس افسران کے ذریعہ آپ کوخبردار کیا جا سکتا ہے.

## ◆ ٹرین یا بس میں سفر کے دوران، سیل فون پر بات کرنے، یا اونچی آواز میں کسی سے گفتگو کرنے سے گریز فرمائیں ۔






سیل فون پر بات کرنا یا اونچی آواز میں کسی سے گفتگو کرنا ، ٹرین یا بس میں سوار دوسرے لوگوں کے لئے پریشان کن ہوسکتا ہے ۔

اگرآپ شورکرتے ہیں تو ، یہ آپکے لئے کسی قسم کی پریشانی کا سبب بن سکتا ہے ۔

**لوگوں کی گزر بسر کرنے والی جگہوں ، یا بہت زیادہ لوگوں کے مجمع والی جگہ پر قواعد اور آداب پر عمل کریں۔**

## ◆ شراب نوشی ، تمباکو نوشی وہ لوگ کرسکتے ہیں ، جن کی عمر 20 سال سے زیادہ ہے



جاپان میں ، 20 سال سے کم عمر افراد (جو 20 سال کی عمرتک نہیں پہنچ پائے ) شراب نوشی یا تمباکو نوشی نہیں کرسکتے ۔

## ◆ تمباکو نوشی کے لئے، جو جگہ مخصوص ہیں وہاں پی سکتے ہیں۔



باہرچلتے پھرتے تمباکو نوشی کرنا، یا پھر تمباکو نوشی کی مخصوص جگہ کےعلاوہ تمباکو نوشی کرنے سے پرہیز فرمائیں۔
نیز ، سگریٹ سڑک پر نہ پھینکیں۔
اصولی طور پر ، ٹوکیو کے ضوابط کے مطابق انڈور سہولیات میں سگریٹ نوشی کی ممانعت ہے۔

# وہ جاپانی قوانین جن سے آپ کو باخبر رہنا چاہیئے


## براہ کرم، ٹرین اور بس کا مسافر پاس، یا ہیلتھ انشورنس کارڈ کسی کو ادھارنہ دیں۔




**کسی دوسرے شخص کا ٹرین اور بس کا مسافر پاس، ہیلتھ انشورنس کارڈ ، یا مائی نمبر کارڈ استعمال نہ کریں۔**
**نیز ، اپنے ٹرین اور بس کا مسافر پاس، ہیلتھ انشورنس کارڈ ، یا مائی نمبر کارڈ کسی کو ادھار نہ دیں۔**

ایسا کچھ کرنا قانون کےخلاف ہے ، اور سزا دی جائے گی۔

## اگرآپ کو کسی کی گمشدہ شے حاصل ہوتی ہے تو اسے پولیس باکس میں پہنچائیں۔



**گمشدہ بٹوا ، رقم ، کارڈ وغیرہ کے ملنے پر آپ انھیں آپنا سمجھکرنہیں رکھ سکتے**
ایسا کچھ کرنا قانون کےخلاف ہے ، اور سزا دی جائے گی۔

**اگر آپکی کوئی چیز گم ہوجاتی ہے تو ، پولیس کو گمشدہ شے کی رپورٹ درج کروائیں۔**
**آپکی گمشدہ شے ملنے پر آپکو واپس دی جائیگی۔**

## ◆ شاپ لفٹنگ" جرم ہے۔"



"شاپ لفٹنگ" کے معنی، کسی اسٹور سےکوئی سامان قیمت ادا کیے بغیر اپنے ساتھ لیجانا ہے۔
چوری کرنا، سامان کو ٹرانسپورٹ کرنا، نگرانی کرنا، کسی کی فرار ہونے میں مدد کرنا، ایسا کوئی بھی کام کرنا جرم ہے۔
جاپانی دکانوں میں سیکیورٹی کیمرے نصب ہوتے ہیں ، اور سیکیورٹی گارڈ گشت کررہے ہوتے ہیں۔
شاپ لفٹنگ کبھی نہیں کی جانی چاہئے۔

## ◆ براہ کرم، کسی دوسرے شخص کی کھڑی کی گئی سائیکل کو وہاں سے چلا کر نہ لیجائیں۔



**اسٹیشن یا سڑک پر کھڑی سائیکل پر سوار ہو کر اسے وہاں سے نہ لیجائیں۔**
ایسا کچھ کرنا قانون کےخلاف ہے ، اور سزا دی جائے گی۔

## ◆ دوسرے لوگوں کے کھیتوں سے سبزیاں ، پھل یا مویشی چوری نہ کریں۔

## ◆ دریاؤں یا سمندروں میں بغیر اجازت کے مچھلی یا شیلفش کو نہ پکڑیں

## ◆ خطرناک اشیاء کو اپنے ساتھ باہر لیکر نہ جائیں۔



چاقو اور آنسو گیس سپرے



**بغیر کسی وجہ کے چھری وغیراہ جیسی خطرناک اشیاء کو باہر لیکر نہ جائیں۔**
ایسا کچھ کرنا قانون کےخلاف ہے ، اور سزا دی جائے گی۔
مندرجہ ذیل باتیں، آپکو خطرناک اشیاء اپنے ساتھ باہر لیجانے کی وجوہات نہیں بنتیں۔

- خود کی حفاظت کے مقصد سے اپنے پاس رکھنا۔
- اسے اپنے پاس رکھنا فائدہ مند سمجھنا۔
- اسے فیشن سمجھ کر اپنے پاس رکھنا۔
- کام پر یا کیمپنگ میں استعمال کرنے کے بعد ، اسے اپنے بیگ میں رکھا چھوڑنا کیونکہ اسے اسکی جگہ پر واپس رکھنا مشکل کن مرحلہ محسوس ہورہا تھا۔

## ◆ غیر قانونی منشیات کو اپنے پاس رکھنا ・ استعمال کرنا جرم ہے۔




**جاپان میں ، درج ذیل منشیات کو اپنے پاس رکھنا ・ یا انکا استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**

● محرک دوا ● بنگ (چرس) ● کوکین ● ہیروئن
● MDMA ● خطرناک ڈرگس وغیرہ ۔

**انھیں چاہے ایک مرتبہ ہی استعمال کیا جائےتو یہ جرم ہے۔**
**ہرگز نہ اپنے پاس رکھیں، اور نہ ہی ا ن کا استعمال کریں۔**
**نیز یہ کہ، انہیں جاپان میں لانا بھی جرم ہے۔**

## !مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا بھی جرم ہے
## برائے مہربانی ، آسانی سے حاصل ہونے والی منافع بخش آفرکو کبھی بھی قبول نہ کریں۔


- موبائل فون ، کیش کارڈ ، بینک بک کو کسی دوسرے شخص کوبیچنا یا منتقل کرنا۔





- کسی دوسرے شخص کے لئے اپنے نام سے موبائل فون یا بینک اکاؤنٹ کا معاہدہ کرنا۔





- انٹرنیٹ وغیرہ پر کسی دوسرے شخص کے کریڈٹ کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے مصنوعات وغیرہ کا آرڈر دینا۔



- کسی دوسرے شخص کے کریڈٹ کارڈ  کو استعمال کرتے ہوئے، رقم نکلوانا۔





- کسی دوسرے شخص کے نام کا کورئیر وصول کرنا۔
نیز، موصولہ پیکیج  کو نامزدگان کے حوالے کرنا، یا مخصوص جگہ پر منتقل کرنا۔




کسی دوسرے شخص کا نام لکھ کر کورئیر کا سامان وصول کرنا۔

کسی مخصوص جگہ پر منتقل کرنا۔

- کوئی لفافہ جس میں آپ نہیں جانتے کہ کیا ہے، یا کسی دوسرے شخص سے سامان وصول کرکے، اس شخص کے حوالے کرنا جس نے آرڈرکیا تھا۔




## محتاط رہیں!

اس قسم کے اقدامات کے  پیچھے مجرمانہ  تنظیم وغیرہ چھپی ہوتی ہیں۔
یہاں تک کہ آپکو اس بات کا احساس بھی نہں کہ آپ کسی جرم کے مرتکب ہورہے ہیں، لیکن آپ مجرمانہ تنظیم کے ساتھ تعاون کرنا قراردیئے جائینگے۔
آسانی سے حاصل ہونے والی منافع بخش آفرکو کسی بھی صورت میں قبول کرنے سے گریزفرمائیں۔



# سائیکل چلاتے وقت احتیاط برتنے والے نکات

## ◆ سائیکل خریدتے وقت یا جب آپ کو کسی نے سائیکل دی ہے تو ، براہ کرم اسکے سیکیورٹی رجسٹریشن کے طریقہ کار کو مکمل کیجئے۔




نئی سائیکل کو خرید تے وقت ◀ نیا سیکیورٹی رجسٹریشن کرانے کی ضرورت ہے

یوزڈ سائیکل حاصل ہونے پر ◀ سیکیورٹی رجسٹریشن میں نام کی تبدیلی کی ضرورت ہے

" سائیکل سیکیورٹی رجسٹریشن کی جگہ" آپ اس بورڈ کے لگے سائیکل اسٹور وغیرہ پر اپنی سائیکل کا سیکیورٹی رجسٹریشن کراسکتے ہیں۔
سیکیورٹی رجسٹریشن میں نام تبدیل کرانے کے لئے ، فیس ، رہائشی کارڈ ، سیکیورٹی رجسٹریشن کارڈ ( اگر آپ کے پاس ہے ) انکی ضرورت ہوگی۔

## ◆ براہ کرم سائیکل کو پارکنگ کے مقام پر کھڑا کریں۔




اگر آپ سائیکل کو اسکی مخصوص جگہ پرکھڑا کیئے بغیر، اسٹیشن وغیرہ پر اپنے طور پرکھڑا کرتے ہیں تو، اسے وہاں سے ہٹا دیا جائے گا۔
ہٹائی گئی سائیکل کو واپس حاصل کرنے کے لئے ، آپ کو اسے وہاں سے ہٹائے جانے کی فیس ادا کرنا ہوگی۔

## ◆ جاپان میں ، جو قوانین گاڑیوں کے لئے ہیں وہی سائیکلوں پربھی لاگو ہوتے ہیں!

### سائیکلوں پر محفوظ انداز میں سواری کے لئے پانچ اصول

### ① سائیکل بنیادی طور پر سڑک پر چلائی جاتی ہے ، جبکہ فٹ پاتھ مستثنیٰ ہیں۔





تاہم ، آپ مندرجہ ذیل صورت میں اسے فٹ پاتھ پر چلا سکتے ہیں۔



- اگر فٹ پاتھ پرایسا کوئی نشان موجود ہو کہ "عام سائیکل کو فٹ پاتھ پرچلایا جاسکتا ہے"
- یا جب ، 13 سال سے کم عمر کا بچہ ، 70 سال سے زیادہ عمر کا کوئی بزرگ ، یا جسمانی طور پر معذور شخص سائیکل چلا رہا ہو۔
- جب سڑک کی تعمیر وغیرہ کی وجہ سے سڑک کے بائیں جانب سائیکل چلانا دشوار ہو۔

### ② سڑک کے بائیں کنارے پر چلائیں



جب آپ سڑک پر سائیکل چلاتے ہیں تو ، آپ کو سڑک کے بائیں طرف جس طرح کار ڈرائیو کی جاتی ہے اسی انداز میں سائیکل چلانی ہوگی ، کیوں کہ دائیں طرف چلانا ممنوع ہے۔

## 3 فٹ پاتھ پر پیدل چلنے والے لوگوں کو فوقیت ہوتی ہے ۔ سڑک کے قریب رہتے ہوئے دھیمی رفتار میں چلائیں۔




اگرآپ فٹ پاتھ پر سائیکل چلاتے ہیں تو ، اسے سڑک سے نزدیک رکھتے ہوئے ایسی رفتار میں چلائیں کہ آپ فوری طور پراسے روک سکیں۔
اگر راہگیروں کے گزرنے میں کوئی رکاوٹ ہورہی ہے تو، کچھ وقت کے لئے سائیکل روکنے کو یقینی بنائیں۔

## 4 حفاظتی قوانین کی پابندی کریں



سائیکلوں کو سائڈ بائی سائڈ چلانا ممنوع ہے



ڈبل سواری کرنا ممنوع ہے



نشے کی حالت میں سائیکل چلانا ممنوع ہے



چوراہے پر ٹریفک سگنل کی پابندی کریں۔ روکیں اور حفاظت کی تصدیق کریں



رات کو لائٹس آن کریں



کھلی چھتری کو ہاتھ میں لئےسائیکل چلانا ممنوع ہے

## 5 ہیلمٹ کو پہنیں



ٹوکیو میٹروپولیٹن سائیکل پر سوار ہوتے وقت ہیلمٹ کے استعمال کو فروغ دیتا ہے۔

**◆ اگر آپ ٹوکیو میں سائیکل استعمال کرنا چاہتے ہیں تو ، آپ کا ٹریفک حادثات میں کام آنے والی انشورنس میں شامل ہونا ضروری ہے۔**

# پارٹ ٹائم جاب کرتے وقت ، احتیاط برتنے والے نکات

## ◆ پارٹ ٹائم جاب شروع کرنے سے پہلے ، پیشگی قابلیت کی حیثیت سے باہر کی سرگرمیوں کے لئے اجازت حاصل کریں۔










**غیر ملکیوں کو امیگریشن کنٹرول اینڈ ریفیوجی ریکگنیشن ایکٹ کے تحت طے کردہ رہائشی اسٹیٹس کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے جاپان میں کام کرنے کی اجازت ہے۔**

مندرجہ ذیل معاملات میں ، پیشگی قابلیت کی حیثیت سے باہر کی سرگرمیوں کے لئے اجازت حاصل کریں۔

- وہ لوگ جن کا رہائشی اسٹیٹس " بیرون ملک مطالعہ " یا "فیملی قیام" وغیرہ ہے، جو جاپان میں کام کرنے کی اجازت نہیں رکھتے اگروہ پارٹ ٹائم جاب شروع کرتے ہیں
- وہ لوگ جن کا رہائشی اسٹیٹس" ٹیکنالوجی ، انسانیت کا علم ، بین الاقوامی خدمات" وغیرہ ہے، آپ کو رہائشی اسٹیٹس کے مطابق بتائی گئی سرگرمیوں کے علاوہ ، پارٹ ٹائم جاب شروع کرنے کی صورت میں



## محتاط رہیں!

**قابلیت کی حیثیت سے باہر کی سرگرمیوں کے لئے اجازت ملنے میں وقت وغیرہ کی پابندیاں شامل ہوتی ہیں۔**
**آپ کو قابلیت کی حیثیت سے باہر کی سرگرمیوں کے لئے اجازت کے بغیر جز وقتی طور پر کام نہیں کرنا چاہئے ، یا پابندیوں پرعمل کیئے بغیر پارٹ ٹائم جاب نہیں کرسکتے۔**
**یہ قانون کے منافی ہے اور سزا یا زبردستی ملک بدر کیا جاسکتا ہے !**



نہیں !

## ◆ پارٹ ٹائم جاب کرتے وقت ، ہفتے میں 28 گھنٹے سے زیادہ کام نہ کریں۔

48گھنٹے = 20گھنٹے + 28گھنٹے







**28 گھنٹوں کے اندر اندر!**

یہاں تک کہ اگر آپ دو یا زیادہ جگہوں پر پارٹ ٹائم جاب کرتے ہیں تو ، کل 28 گھنٹے سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

تاہم ، " بیرون ملک مطالعہ " کا رہائشی اسٹیٹس رکھنے والے لوگ، اسکول کے قواعد و ضوابط کے تحت طے شدہ طویل تعطیلات (موسم گرما اور موسم سرما کی تعطیلات وغیرہ) کے دوران ایک دن میں 8 گھنٹے (لیکن ہفتے میں 40 گھنٹوں کے اندر اندر) کام کرسکتے ہیں۔

## ◆ پارٹ ٹائم جاب کرتے وقت ، براہ کرم بالغوں کے تفریح کے مقام پرکام نہ کریں





آپ درج ذیل مقامات پر پارٹ ٹائم جاب نہیں کرسکتے ہیں۔

- گاہکوں کو تفریح کراتے ہوئے کھانے پینے کی پیش کش کیئے جانے والے شراب خانے،کیبریٹ، پب ، کیبریٹ کلب ، ہاسٹ کلب وغیرہ ،
- گیم سینٹر
- Mājan کھیلنے کی جگہ
- پاچینکو کی دکان
- "Love hotels"
- ٹیلی فون کلب
- "Deai kissa"
- ایڈلٹ ویڈیو اسٹورز
- بالغ لوگوں کے سامان کی دکانیں
- پرائیویٹ روم میں ویڈیو دیکھنے کا اسٹور
- کال گرل کا کاروبار

آپ ایسی جگہوں پر صفائی ستھرائی کے کام ، ڈش واشر ، ویٹر ، ہال کا عملہ وغیرہ کے طور پر کام نہیں کرسکیں گے۔

## ◆ جزوقتی کام کرتے وقت ، ان دکانوں سے محتاط رہیں جو جنسی کاروبار کی دکانوں کی طرح ہیں۔





آپ کو جنسی خدمات کے ساتھ مساج پارلر یا کسی ایسے ریستوراں میں کام نہیں کرنا چاہئے جہاں آپ کسی گراہک کوتفریح فراہم کرتے ہوئے پاس بیٹھیں اور گفتگو کریں یا شراب پئیں ۔
یہاں تک کہ اگر دکان کا عملہ آپ سے یہ کہے کہ ایسا کرنا ٹھیک ہے ، تب بھی آپ کو اس پر یقین نہیں کرنا چاہئے۔
یہاں تک کہ اگر آپ یہ بات نہیں جانتے کہ آپ ایک جنسی کاوبارکی دکان پرکام کررہے ہیں ، تب بھی آپ کو سزا یا جلاوطن کیا جاسکتا ہے۔

## ◆ اسکول چھوڑنے کے بعد ، جز وقتی طور پرکام نہیں کیا جاسکتا



کسی بین الاقوامی طالب علم کے اسکول سے دستبرداری یا ہٹائے جانے وغیرہ کی صورت میں اسکول چھوڑنے کے بعد ، وہ جز وقتی طور پر کام نہیں کرسکتا ۔
رہائشی اسٹیٹس یا قابلیت کی حیثیت سے باہر کی سرگرمیوں کے لئے اجازت کی میعاد باقی ہونے کے باوجود ، آپ جز وقتی طور پر کام نہیں کرسکتے۔
اگر آپ اسکول چھوڑنے کے بعد جز وقتی طور پر کام کرتے ہیں تو ، آپ کو سزا یا جاپان سے زبردستی ملک بدر کیا جاسکتا ہے۔

## ◆ براہ کرم ایسی جز وقتی ملازمتوں سے محتاط رہیں جو رجسٹریشن فیس طلب کرتی ہیں۔




غیرملکی لوگوں کو جز وقتی ملازمت متعارف کرانے کا جھوٹ بول کر رجسٹریشن فیس کے طور پر پیسے ٹھگے جانےکے جرائم موجود ہیں۔
ان لوگوں سے محتاط رہیں جو رجسٹریشن فیس اور جز وقتی ملازمت کو متعارف کرانے کی رقم وغیرہ طلب کرتے ہیں۔

## ◆ بغیراجازت اپنے گھرکو کسی سے پیسے لیکر بطورگیسٹ ہاوس رہائش کی سہولت فراہم نہ کریں




جب آپ رقم وصول کرکے مسافروں وغیرہ کو گھر پر رہنے کی اجازت دیتے ہیں تو ، یہ ضروری ہے کہ پبلک ہیلتھ سینٹروغیرہ سے اجازت لی جائے یا صوبے کی حکومت یا میونسپلٹی کو مطلع کیا جائے۔
اگر آپ بغیر اجازت رہائش کی سہولت کا انتظام کرتے ہیں تو آپ کو سزا ہوگی۔

# رہائشی کارڈ کے بارے میں

## ◆ باہر جاتے وقت ، لازمی طور پر آپ اپنے رہائشی کارڈ کوساتھ رکھیں۔




رہائشی کارڈ غیر ملکیوں کو جاری کیا جاتا ہے جو درمیانی مدت سے طویل مدت تک جاپان میں مقیم ہوتے ہیں۔
رہائشی کارڈ کا، لازمی طور پر آپ کے پاس ہونا ضروری ہے۔
رہائشی کارڈ اپنےساتھ نہ رکھنا قانون کے منافی ہے ، اور اس کے نتیجے میں جرمانہ ہوسکتا ہے
یہاں تک کہ اگر آپ کے پاس کوئی اور شناختی کارڈ ، جیسے آپ کا پاسپورٹ یا انشورنس کارڈ آپ کے پاس موجود ہے، اس کے باوجود رہائشی کارڈ کا آپکے پاس ہونا ضروری ہے۔

وہ لوگ جو رہائشی کارڈ کے اہل ہیں (انھیں" درمیانے درجے سے طویل مدتی رہائشی" کہا جاتا ہے ) وہ مندرجہ ذیل میں سے کسی (1) سے (6) کے زمرے میں نہیں آتے ہیں۔

**1 وہ لوگ جن کے پاس " 3 ماہ" یا اس سے کم رہائشی اسٹیٹس ہے**

**2 وہ لوگ جن کے پاس "مختصر مدت کے قیام" کا رہائشی اسٹیٹس ہے**

**3 وہ لوگ جن کے پاس "سفارتی" یا " آفیشل" رہائشی اسٹیٹس ہے .**

**4 وہ لوگ جن کے پاس"مخصوص سرگرمیوں" کا رہائشی اسٹیٹس ہے تائیوان جاپان تعلقات ایسوسی ایشن کے دفتر (جیسے تائی پے اقتصادی اور ثقافتی نمائندہ آفس ، وغیرہ) یا جاپان میں فلسطین کے عمومی محکمہ یا ان کے کنبہ کے افراد**

**5 خصوصی مستقل رہائشی**

**6 جن کو رہائش کا درجہ حاصل نہیں ہے**

## ◆ جب کوئی پولیس آفیسر یا جاپان کے امیگریشن بیورو کا ملازم آپ سے اپنے رہائشی کارڈ کو دکھانے کے لئے کہتا ہے تو ، براہ کرم اپنا رہائشی کارڈ دکھائیں۔




جب پولیس افسران ، غیرملکیوں سے رہائشی کارڈ دکھانے کا کہتے ہیں تو، وہ انھیں اپنا رہائشی کارڈ دکھانے کے پابند ہیں

اگر آپ پولیس افسروغیرہ کی درخواست پر انکار کرتے ہوئے اپنا رہائشی کارڈ نہیں دکھاتے ہیں تو آپ کو سزا ہوگی۔

## ◆ رہائشی کارڈ میں میعاد کی مدت ہوتی ہے۔




● **رہائشی حیثیت "مستقل رہائشی" / "اعلی درجے کے پیشہ ور نمبر 2"**

جن کی عمر 16 سال سے زیادہ ہے　　جاری کرنے کی تاریخ سے 7 سال

جن کی عمر 16 سال سے کم ہے　　آپ کی 16ویں سالگرہ سے ایک دن پہلے (※) تک


● **"مستقل رہائشی" اور " اعلی درجے کے پیشہ ور نمبر 2" کے علاوہ دیگر افراد**

جن کی عمر 16 سال سے زیادہ ہے　　قیام کی مدت کی میعاد ختم ہونے تک

جن کی عمر 16 سال سے کم ہے　　مدت قیام کے ختم ہونے والی تاریخ تک یا پھر 16ویں سالگرہ سے ایک دن پہلے تک (※) دونوں میں سے پہلے آنے والے دن تک

※ 31 اکتوبر، 2023 تک جاری کیے گئے رہائشی کارڈوں میں، "تاریخ پیدائش 16ویں سالگرہ " کی تاریخ ہے۔


## اگر آپ کا رہائشی کارڈ گم ہوجاتا ہے تو، برائے کرم فوری طور پر امیگریشن بیورو میں دوبارہ جاری کرنے کے لئے درخواست دیں۔






دوبارہ جاری کرنے کے لئے درخواست دینے کی صورت میں ، گمشدگی کا ثبوت (گم ہونے کی اطلاع کا سرٹیفکیٹ ، چوری کی رپورٹ کا سرٹیفکیٹ ، ڈیزاسٹر سرٹیفکیٹ وغیرہ) ، پاسپورٹ ، اور تصویر کی ضرورت ہوتی ہے۔
اپنے مقامی امیگریشن بیورو سے پیشگی معلومات حاصل کریں۔
اگر آپ 14 دن کے اندر درخواست نہیں دیتے ہیں تو ، آپ کو سزا ہوسکتی ہے۔

## اپنا رہائشی کارڈ نہ ادھار دیں ، اور نہ کسی کے حوالے کریں ۔



نہ کسی کو ادھار دیں !
نہ کسی کے حوالے کریں!

اگر آپ جانتے ہوں کہ اس کا غلط استعمال ہوگا تو، اپنے رہائشی کارڈ کو ادھار دینا ، یا کسی کے حوالے نہیں کیا جاسکتا ۔
یہاں تک کہ اگر آپ کے رہائشی کارڈ کی میعاد ختم ہوگئی ہے تب بھی ، اسے کسی کو نہیں دینا چاہیے۔
یہ قانون کے منافی ہے اور سزا یا زبردستی ملک بدر کیا جاسکتا ہے !

### براہ کرم جعلی یا ترمیم شدہ رہائشی کارڈ سےمحتاط رہیں!

مشق کے مقصد کے لئے جعلی یا تبدیل شدہ رہائشی کارڈ رکھنے والے غیر ملکیوں کو ، یہاں تک کہ انکے پاس رہائشی اسٹیٹس ہی کیوں نا ہو، انہیں سزا یا زبردستی ملک بدر کیا جاسکتا ہے ۔



نہیں !

# درمیانی مدتی رہائشیوں سے طویل مدتی تک ، اطلاع دینے کی ذمہ داری

◆ **درمیانی مدتی رہائشیوں سے طویل مدتی تک، اپنے وارڈ ، شہر ، قصبے یا گاؤں یا امیگریشن بیورو آف جاپان کو اپنے پتے اور جس ادارے (کمپنی ، دکان ، اسکول ، وغیرہ) سے تعلق رکھتے ہیں اس کے بارے میں اطلاع دینے کی ذمہ داری۔**




درمیانی مدت سے طویل مدتی رہائشیوں کو امیگریشن کنٹرول اینڈ ریفیوجی ریکگنیشن ایکٹ کے تحت ضرورت کے مطابق اطلاع جمع کرانی ہوگی۔

- ایڈریس
- نام ، تاریخ پیدائش، قومیت / علاقہ ، جنس
- وابستہ تنظیم ( کام سے متعلق تنظیم ، معاہدہ کی تنظیم ) ※
- شریک حیات سے طلاق ، شریک حیات کی موت ※

※ وابستہ اداروں اور شریک حیات سے متعلق نوٹیفکیشن دینےکے لئے ہدف شخص مقررہ ہیں۔

نوٹیفکیشن کی ذمہ داریوں کو پورا نہ کرنا یا غلط اطلاعات دینےکے نتیجے میں سزا یا آپ کی رہائش کی حیثیت کو منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

اگر آپ اپنی اطلاع دینے کی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے ہیں تو ،

- رہائشی اسٹیٹس کو تبدیل کرنے کی اجازت کے لئے درخواست
- قیام کی مدت کی تجدید کی اجازت کے لئے درخواست
- مستقل رہائشی اجازت نامہ کے لئے درخواست

دیتے وقت ، آپ کی منفی انداز میں تشخیص ، یا دقت و دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

## جاپان میں داخل ہونے کے بعد ، اگر آپ نے رہنے کی جگہ کا انتخاب کرلیا ہے یا اپنی رہائش گاہ تبدیل کرتے ہیں تو ، اپنے نئے ایڈریس سے میونسپلٹی کو مطلع کریں۔



ایڈریس کا ڈسائڈ ہونا



ایڈریس میں تبدیلی

میونسپلٹی کو نئے پتے کی اطلاع دینے کے لئے رہائشی کارڈ کی ضرورت ہوگی۔

## اگر آپ کی شادی وغیرہ ہو جاتی ہے، یا آپ کا نام ، تاریخ پیدائش، قومیت / علاقہ ، صنف میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے تو ، فوری طور پرآپ امیگریشن بیورو کو مطلع کریں۔



نام یا قومیت وغیرہ تبدیل ہوجاتے ہیں


جاپان کے امیگریشن بیورو کو مطلع کرتے وقت ، آپ کے پاسپورٹ ، تصویر ، اور رہائشی کارڈ کے علاوہ ، آپ کو یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپکا نام وغیرہ تبدیل ہوگیاہے تصدیق شدہ دستاویز کی ضرورت ہوگی۔

## اگر آپ اسکول چھوڑ دیتے ہیں یا اپنی کمپنی تبدیل کرتے ہیں تو ، براہ کرم جاپان کے امیگریشن بیورو کو فوری طور پر مطلع کریں۔

گریجویٹ، ایڈوانس تعلیم کے لئے اندراج ، منتقلی، اسکول کا چھوڑنا وغیرہ



ملازمت میں تبدیلی ، ریٹائرمنٹ ، وغیرہ۔



مندرجہ ذیل رہائشی اسٹیٹس رکھنے والے افراد نوٹیفکیشن پیش کرنے کے پابند ہیں۔

پروفیسر ، اعلیٰ ہنرمند پیشہ ور ، کاروبار / انتظامیہ ، قانون / اکاؤنٹنگ ، طبی نگہداشت ، تعلیم ، انٹرا کمپنی ٹرانسفر ، مہارتی تربیت ، بیرون ملک مطالعہ ، تربیت ، تحقیق ، ٹیکنالوجی / انسانیت کا علم / بین الاقوامی کام ، نرسنگ کیئر ، تفریح ، مہارت ، مخصوص مہارت

اطلاع دینے کی ذمہ داری درج ذیل وجوہات کی بناء پر ہے -

- اسکول یا کمپنی وغیراہ ، جہاں آپکی اکٹیوٹی ہوتی ہیں اس تنظیم کے نام کی تبدیلی ، ایڈریس کی تبدیلی ، تنظیم کا غائب ہوجانا
- اسکول یا کمپنی وغیراہ ، جہاں آپکی اکٹیوٹی ہوتی ہیں اس تنظیم سے انخلا یا تبادلہ
- کمپنی وغیرہ ، جس ادرہ کے ساتھ آپکا معائدہ ہواتھا اگر وہ معائدہ ختم ہوگیا ، یا نیا معائدہ قائم کیا گیا

اگر آپ اپنی اطلاع دینے کی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے ، یا جھوٹی اطلاع دیتے ہیں تو آپ کو سزا ہوگی۔

◆ **اگر آپ ان رہائشی اسٹیٹس کے حامل شہری ہیں ، جیسے " فیملی اسٹے" ، کسی " جاپانی کے شریک حیات وغیرہ " ، یا "مستقل رہائشی کے شریک حیات وغیرہ " تو اگر آپکی شریک حیات کے ساتھ طلاق ہوجاتی ہے، یا موت واقع ہونے کی صورت میں ، فوری طور پر جاپان کے امیگریشن بیورو کو اطلا ع دیں۔**




**طلاق ہونا ،**
**موت واقع ہونا**

جو لوگ " شریک حیات " کے رہائشی اسٹیٹس پر رہائش پزیر ہیں اور اسی بنیاد پر کام کرتے ہیں، وہ اطلاع دینے کے پابند ہیں۔
دوسرے لوگ اس زمرے میں نہیں آتے۔
اپنے شریک حیات سے طلاق ہونے، یا موت واقع ہونے کی صورت میں ، آپ کو امیگریشن بیورو آف جاپان کے ساتھ ہی میونسپلٹی کو اطلاع (طلاق کا نوٹیفیکیشن ، موت کی اطلاع) دینا ضروری ہے۔
اگر آپ اپنی اطلاع دینے کی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے ، یا جھوٹی اطلاع دیتے ہیں تو آپ کو سزا ہوگی

◆ **جس ادارے سے آپکا تعلق ہے اسکی تبدیلی وغیرہ کی اطلاع ، اپنے شریک حیات سے طلاق ہونے، یا موت واقع ہونے کی اطلاع ، آپ انٹرنیٹ کے ذریعہ دے سکتے ہیں۔**

برائے مہربانی یہاں سرچ کریں۔

| امیگریشن بیورو آف جاپان الیکٹرانک اطلاعاتی نظام | **سرچ کریں** |
|---|---|

http://www.immi-moj.go.jp/i-ens/

# پریشانی کی صورت میں رابطہ کریں

## ایمرجنسی کی صورت میں

آگ لگنے، بیماری ، یا چوٹ لگنے کی صورت میں

▼

**119 پر ٹیلی فون کیجئے**



کسی واقعہ / حادثے کی صورت میں

▼

**110 پر ٹیلی فون کیجئے**



## رہائشی اسٹیٹس وغیرہ کے بارے میں مشاورت کے لئے ...

غیر ملکی رہائشی انفارمیشن سینٹر رابطہ کیجئے

**0570-013904 فون نمبر**

( پیر تا جمعہ 8 بجکر 30 منٹ سے 17 بجکر 15 منٹ تک)

انگریزی، چینی، کوریائی، ہسپانوی، پرتگالی، ویت نامی، فالپائنی، نیپالی،
انڈونیشی، تھائی، خمیر (کمبوڈیائی)، میانمار، منگول، فرانسیسی،
سنہالی اور اردو زبانوں میں دستیاب ہے !



## غیر ملکیوں کوجاپان میں قیام سے متعلق مشاورت کے لئے ...

غیر ملکی رہائشیوں کے لئے ہیلپ سینٹر (ٹوکیو امیگریشن) رابطہ کیجئے

اس نمبر پر فون کریں (صرف بکنگ) 03-5363-3025

( پیر تا جمعہ 9: 00 سے 17 :00 )

FRESC

ریزرویشن فارم : https://www.moj.go.jp/isa/support/fresc/fresc_2.1.html

Address: Yotsuya Tower 13F, 1-6-1 Yotsuya, Shinjuku-ku, Tokyo

## روز مرہ کی زندگی سے متعلق مشاورت کے لئے ...

ٹوکیو میٹروپولیٹن غیرملکی رہائشیوں کے لئے مشاورتی مرکز رابطہ کیجئے

| ٹیلی فون | مشاورت کے دن | مشاورتی زبان |
|---|---|---|
| 03-5320-7744 | پیر ～ جمعہ | انگریزی |
| 03-5320-7766 | منگل ～ جمعہ | چینی |
| 03-5320-7700 | بدھ کے دن | کورین |

【مشاورت کا وقت】 9:30 سے 12:00 ، 13:00 سے 17:00 بجے تک



# غیر ملکیوں کا رہائشی مینوئل



**اس مینوئل کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔**

**ٹوکیو میٹرو پولیٹن کی ویب سائٹ سے، مفت ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔**

| غیر ملکیوں کا رہائشی مینوئل | **سرچ کریں** |
|---|---|

https://www.tomin-anzen.metro.tokyo.lg.jp/chian/chiankaizen/gaikokujin/zairyuumanyuaru/index.html

جاری کردہ: ٹوکیو میٹروپولیٹن گورنمنٹ بیورو آف لائف، ثقافت اور
سپورٹس، پبلک سیفٹی پروموشن ڈیپارٹمنٹ، سیفٹی سیکشن

Nishi-Shinjuku-ku, Shinjuku-ku, Tokyo 163-8001
☎ 03-5388-2279

2025年3月発行

ウルドゥー語版

| 印刷物登録番号 |
|---|
| ( 6 ) 81 |

リサイクル適性Ⓐ
この印刷物は、印刷用の紙へリサイクルできます。